پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا
شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91
ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای-میل:helpdoc@rbi.org.in

01 جون، 2017

آر بی آئی نے جام کھیڑ مرچنٹس کوآپریٹو بیک، مریادت، جام کھیڑ، ضلع احمد نگر، مہاراشٹر کا لائسنس منسوخ کر دیا۔

ریزرو بینک آف انڈیا (آر بی آئی) نے جام کھیڑ مرچنٹس کوآپریٹو بینک مریادت، جام کھیڑ، ضلع احمد نگر، مہاراشٹر کا لائسنس منسوخ کر دیا۔ کاروبار کو 01 جون، 2017 سے بند کرنے کا یہ آرڈر جاری کیا ہے۔ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز، مہاراشٹر سے بھی گذارش کی گئی ہے کہ بینک اپنا کاروبار بند کرے اور لکویڈیٹر کا تقرر ہو، اس سلسلہ میں آرڈر جاری کریں۔

ذیل کی بنیاد پر ریزرو بینک نے بینک کا لائسنس منسوخ کیا۔

- بینک نے سیکشن 11(1)۔ سیکشن 36، بینکنگ ریگولیشن (بی آر) ایکٹ اے اے سی ایس 1949 کی تجاویز پر عمل درآمد نہیں کیا۔
- بینک نے موجودہ اور مستقبل کے ڈپازیٹروں اور عوامی مفاد کو نقصان پہنچایا جو بینکنگ ریگولیشن ایکٹ (اے اے سی ایس) 1949 کے سیکشن (اے)(3)22، (بی)(3)22، (سی)(3)22 اور (ای)(3)22 کی خلاف ورزی ہے۔
- بینک اس حیثیت میں نہیں ہے کہ وہ اپنے موجودہ اور مستقبل کے ڈپازیٹروں کی مکمل ادائیگی کر سکے اور وہ جو دعویٰ کریں اسے پورا کر سکے۔
- بینک کی موجودہ مالی حالت ایسی نہیں ہے کہ وہ دوبارہ کام کر سکے۔
- اگر بینک کو دوبارہ بینکنگ کاروبار کی اجازت دی جاتی ہے تو اس سے عوام کے مفادات مزید متاثر ہوں گے۔

فوری اثر سے بی آر ایکٹ (اے اے سی ایس) 1949 کے سیکشن (بی) 3 کے تحت لائسنس منسوخ ہونے کے بعد جام کھیڈ مرچنٹس کوآپریٹو بینک مریادت جام کھیڈ ضلع احمد نگر، مہاراشٹر کو "بینکنگ" کاروبار کرنا ممنوع ہے

لائسنس کی منسوخی اور لکویڈیشن کے عمل کے پیش نظر جام کھیڈ مرچنٹس کوآپریٹو بینک، مریادت، جام کھیڈ، ضلع احمد نگر، مہاراشٹر کے کھاتے داروں کو ادائیگی کا عمل ڈپازٹ انشورنس اور کریڈٹ گارنٹی کارپوریشن (ڈی آئی سی جی سی) ایکٹ 1961 کے تحت ہوگا۔ لکویڈیشن پر ہر ایک ڈپازیٹر اپنے ڈپازٹ میں مانیٹری سیلنگ روپے 1,00,000/- (روپئے ایک لاکھ صرف) تک ڈپازٹ انشورنس اور کریڈٹ گارنٹی کارپوریشن (ڈی آئی جی سی) سے ضوابط کے مطابق دوبارہ ادائیگی کا حقدار ہوگا۔

جوزے کٹور
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز:2016/2017/3251